# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 14 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں آج وزیرِ اعظم چھترپتی سمبھاجی نگر کے دورے پر؛ راہل گاندھی کا ناندیڑ میں انتخابی جلسے سے خطاب؛ انتظامیہ کی جانب سے سخت بندوبست۔

☆ کسی بھی ملزم کی املاک تباہ کرکے اسے سزا دینے کا اختیار حکومت کو نہیں: عدالتِ عظمیٰ کا فیصلہ۔

☆ کوچنگ کلاسیس نصاب اور طلبہ کی درست معلومات ظاہر کریں: مرکزی اتھاریٹی برائے تحفظِ صارفین کی ہدایت۔

☆ تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت کی جنوبی افریقہ کے خلاف 11 رنوں سے فتح۔

اور۔۔۔☆ ہنگولی ضلع کے بسمت تعلقے میں کل شام زلزلے کے خفیف جھٹکے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستی اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں آج امیدواروں کی تشہیر کیلئے کم و بیش تمام سیاسی جماعتوں کے اہم قائدین کے جلسے ہورہے ہیں۔ اس خصوص میں حفاظتی مشنری سمیت تمام انتظامات پر انتظامیہ باریک بینی سے نظر رکھے ہوئے ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ ضلع کے مہایوتی کے امیدواروں کیلئے وزیرِ اعظم نریندر مودی چکل تھانہ میں ایک عام اجتماع سے خطاب کریں گے۔ وزیرِ اعظم مودی آج ہی نئی ممبئی اور ممبئی میں بھی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی آج دوپہر نندور بار میں اور بعدازاں ناندیڑ میں تشہیری جلسوں میں شرکت کریں گے۔

شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے، مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدواروں کی حمایت میں مراٹھواڑہ سانسکرتک منڈل میدان پر جلسۂ عام سے خطاب کریں گے۔

ونچیت بہوجن آگھاڑی کی رہنماء انجلی امبیڈکر بھی چھترپتی سمبھاجی نگر، کنڑ، ویجاپور اور گنگاپور میں تشہیری جلسوں میں شرکت کریں گی۔

سماج وادی پارٹی کے اورنگ آباد مشرق حلقے کے امیدوار ڈاکٹر عبدالغفار قادری کی انتخابی تشہیر کی غرض سے پارٹی رہنماء اقراء حسن اور دیگر عہدیدار آج شہر پہنچ رہے ہیں۔

***** ***** *****

بی جے پی قائد اور مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے کل پربھنی ضلع کے جنتور میں مہایوتی امیدوار میگھنا بورڈیکر کی تشہیر کیلئے ایک جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ مہاراشٹر کو شیواجی مہاراج کے راستے پر لانے کا کام صرف مہایوتی کی حکومت ہی کرسکتی ہے۔ امیت شاہ نے کل ریاست کے جلگاؤں اور دونڈائچہ میں بھی انتخابی اجتماعات میں شرکت کی۔

***** ***** *****

بی جے پی رہنماء اور نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل ناندیڑ ضلع کے مکھیڑ میں اور راشٹروادی کانگریس کے سربراہ اجیت پوار نے کل بیڑ میں تشہیری جلسوں سے خطاب کیا۔

کانگریس صدر ملک ارجن کھر گے نے کل لاتور میں ایک جلسے میں شرکت کی۔ کسانوں کی خودکشیوں کے موضوع پر انھوں نے کہا کہ بی جے پی کی جانب سے رائے دہندگان سے کیے گئے وعدوں کو پورا نہیں کیا گیا۔

کانگریس صدر ناناپٹولے نے کل ایوت محل ضلع کے آرنی کیڑاپور کے مہاوکاس آگھاڑی کے امیدوار جتندر موگھے کی تشہیری مہم میں حصہ لیا۔ شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے صدر اُدّھو ٹھاکرے نے سندھودُرگ ضلع کے ساونت واڑی' کنکولی اور مالون میں عام جلسوں میں تقریر کی۔ راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار نے اہلیہ نگر ضلع کے شرڈی اسمبلی حلقے میں راہتہ اور راہوری حلقے کے وامبوری میں انتخابی جلسوں سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

شیوسینا رہنماء اور وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل پال گھر میں راجندر گاوت کی تشہیری مہم میں حصہ لیا۔ اُتر پردیش کے وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے واشم ضلع کے پوہرادیوی میں ایک تشہیری اجتماع سے خطاب کیا۔ اس موقع پر یوگی کی موجودگی میں مہنت سنیل مہاراج راٹھوڑ نے شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی سے بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔

ناندیڑ لوک سبھا ضمنی الیکشن میں بی جے پی کے امیدوار ڈاکٹر سنتک راؤ ہمبرڈے اور بھوکر اسمبلی حلقے کے امیدوار شری جیا چوہان کی تشہیر کیلئے بی جے پی رہنماء اور مرکزی وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا نے بھوکر میں انتخابی جلسے میں شرکت کی۔ بی جے پی رہنماء اور مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کل لاتور میں بی جے پی امیدوار ڈاکٹر ارچنا پاٹل کی تشہیر کیلئے جلسہ کیا۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کی تیاری کے سلسلے میں اطلاعات و رابطۂ عامہ ڈائریکٹوریٹ کے تیار کردہ ''دِل کُھلاس'' پروگرام میں خصوصی انٹرویوز نشر کیے جارہے ہیں۔ یہ پروگرام آکاشوانی کے تمام مراکز سے اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر صبح سات بجکر 25 منٹ سے سات بجکر 40 منٹ تک نشر کیا جاتا ہے۔ کل صبح نشر کردہ پروگرام میں ریاست کے اضافی چیف انتخابی افسر ڈاکٹر کرن کلکرنی نے الیکٹرانک ووٹنگ مشین کے استعمال کو مکمل طور پر محفوظ اور قابلِ اعتماد قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسے عدالتِ عظمیٰ کی جانب سے بھی محفوظ قرار دیا جاچکا ہے۔

دریں اثناء آئندہ 16 تاریخ ہفتے کے دِن چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر دلیپ سوامی کا آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر نیوز سیکشن کے سربراہ سمر جیت ٹھاکر کا لیا گیا انٹرویو نشر کیا جائیگا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کلکٹر دفتر میں قائم شدہ میڈیا سیل کے ذریعے رائے دہی سے متعلق بیداری پیدا کرنے کے حوالے سے عوام سے صد فیصد رائے دہی کی اپیل سیل کے نمائندے کی جانب سے کی گئی ہے۔

*''ریاستِ مہاراشٹر میں 20 نومبر 2024 بروز بدھ کو اسمبلی انتخابات ہونے جارہے ہیں۔ ہم تمام رائے دہندگان سے اپیل کرتے ہیں کہ سو فیصد رائے دہی کرنے کی فکر کریں۔ جمہوری نظام میں رائے دہی کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ اس لیئے قوم اور ملک کی ترقیٔ خوشحالی کیلئے ووٹ کا حق بجالانا ضروری ہے۔ اس لیے اپنے جمہوری حق کا استعمال کرتے ہوئے ووٹ کرنے کی فکر کریں۔''*

***** ***** *****

سامعین اسمبلی انتخابات کے حوالے سے ''آڑھاوادوھان سبھا متدار سنگھاچا'' پروگرام روزانہ شام سات بجکر دس منٹ پر آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔اس پروگرام میں آج شولا پور ضلع کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ آپ سماعت کرسکیں گے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی کے انتخابی نشان سے متعلق تنازع پر عدالت عظمیٰ میں کل سماعت ہوئی۔جس میں بزرگ رہنماء شرد پوار کی تصاویر اور ویڈیوز استعمال نہ کرنے کا حکم راشٹروادی کانگریس پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں کو دیئے جانے کی ہدایت عدالتِ عظمیٰ نے کی ہے۔اس سلسلے میں آئندہ سماعت اگلے ہفتے کی جائیگی۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے فیصلہ دیا ہے کہ کسی بھی ملزم کی املاک تباہ کرکے اُسے سزا دینے کا کوئی اختیار حکومت کو حاصل نہیں ہے۔حکومتوں کی جانب سے اس طرز پر ملزمین کی املاک کو نقصان پہنچائے جانے کے حوالے سے عدالت نے رہنماء خطوط جاری کیے ہیں۔جس میں کہا گیا ہے کہ ملزم کی ملکیت گرانے سے قبل اُسے نوٹس دی جائے۔اس نوٹس پر ملزم کو 15 دِن کے اندر یا انتظامیہ کی جانب سے دی گئی مدت میں جواب دینا لازمی ہوگا۔عدالتِ عظمیٰ نے کہا کہ اس قانونی طریقۂ کار کو نظرانداز کرکے کی جانے والی کارروائی حکومت کی من مانی اور ہٹ دھرمی قرار دی جائیگی۔

***** ***** *****

لاتور دیہی حلقۂ انتخاب میں پیر کو گھر سے ووٹ ڈالنے کے عمل کے پہلے مرحلے میں 94 فیصد رائے دہی مکمل ہوئی۔لاتور دیہی حلقۂ انتخاب کے انتخابی افسر سندیپ کلکرنی نے یہ اطلاع دی۔اودگیر اور نلنگہ حلقوں میں آج گھر سے ووٹ ڈالنے کے عمل کا آغاز ہوگا۔

***** ***** *****

تمام کوچنگ کلاسیس کیلئے اپنے نصاب اور طلبہ سے متعلق حقیقی معلومات ظاہر کرنا لازمی ہوگا۔یہ احکامات مرکزی اتھاریٹی برائے تحفظِ صارفین نے جاری کیے ہیں۔کوچنگ کلاسیس کے مبہم اور گمراہ کُن اشتہارات کے خلاف اتھاریٹی کی سیکریٹری ندھی کھرے نے یہ ضابطے جاری کیے۔انھوں نے بتایا کہ اس ضمن میں طلبہ کی شکایات کے ازالے کیلئے قومی صارفین ہیلپ لائن شروع کیے جانے کے بعد سے ان اداروں سے اب تک طلبہ کو ایک کروڑ سے زائد رقم واپس مل چکی ہے۔

***** ***** *****

آج 14 نومبر۔ملک کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لعل نہرو کا یوم پیدائش 'یوم اطفال' کے طور پر منایا جارہا ہے۔اس موقع پر پنڈت نہرو کو مختلف پروگراموں کے ذریعے خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

جنوبی افریقہ میں جاری ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سیریز میں کل تِلک ورما کی غیر مفتوح سنچری کے باعث بھارت نے میزبان جنوبی افریقہ کو 11 رنوں سے شکست دے دی۔جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر بھارت کو پہلے بلّے بازی کیلئے مدعو کیا۔بھارت کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورں میں چھ وکٹ پر 219 رن بنائے۔جواب میں جنوبی افریقہ کی ٹیم 208 رن ہی بناسکی۔غیر مفتوح 107 رن بنانے والے تلک ورما کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے بسمت تعلقے کے بیشتر علاقوں میں کل شام زلزلے کے خفیف جھٹکے محسوس کیے گئے۔ شام سات بجکر 22 منٹ پر کروندا٬ پانگرا٬ ڈون واڑہ، آمبا اور کوٹھاری دیہاتوں میں زلزلے کے دو خفیف جھٹکے محسوس کیے گئے۔ بسمت انتظامیہ نے عوام کو خبردار رہنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں آج وزیرِ اعظم چھترپتی سمبھا جی نگر کے دورے پر؛ راہل گاندھی کا ناندیڑ میں انتخابی جلسے سے خطاب؛ انتظامیہ کی جانب سے سخت بندوبست۔

☆ کسی بھی ملزم کی املاک تباہ کر کے اسے سزا دینے کا اختیار حکومت کو نہیں: عدالتِ عظمیٰ کا فیصلہ۔

☆ کوچنگ کلاسیس٬ نصاب اور طلبہ کی درست معلومات ظاہر کریں: مرکزی اتھارٹی برائے تحفظِ صارفین کی ہدایت۔

☆ تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت کی جنوبی افریقہ کے خلاف 11 رنوں سے فتح۔

اور۔۔۔☆ ہنگولی ضلع کے بسمت تعلقے میں کل شام زلزلے کے خفیف جھٹکے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل٬ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****